تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April, 8, 2025

پریس ریلیز

سی پی آر ایس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے فیزیوتھیراپی ریسرچ اور ٹریننگ میں بین ادارہ جاتی اشتراک کے فروغ کے لیے مفاہمت نامے پر دستخط کیے

سات اپریل دو ہزار پچیس (بروز پیر) سینٹر فار فیزیوتھیراپی (سی پی آر ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے فیزیوتھیراپی اور ریہیبلی ٹیشن کے تین اہم اداروں کے ساتھ مفاہمت نامے پر دستخط کے ساتھ اہم سنگ میل پار کیا۔ جن تین اہم اداروں کے ساتھ جامعہ کے فیزیوتھیراپی سینٹر نے مفاہمت نامے پر دستخط کیا ہے ان میں کرشنا نگر دہلی کی منوویکاس چیریٹ ایبل سوسائٹی، کولکتہ کی نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار لوکوموٹر ڈس ایبلیٹی (این آئی ایل ڈی) اور نئی دہلی کی پنڈت دین دیال اپادھیائے نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار پرسنز وِتھ فیزیکل ڈس ایبلیٹی شامل ہیں۔ مفاہمت نامے پر دستخط کا پروگرام جامعہ کے یاسر عرفات ہال میں منعقد ہوا۔

ڈاکٹر للت نرائن، ڈائریکٹر، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف لوکوموٹر ڈس ایبلیٹی (این آئی ایل ڈی)، ڈاکٹر جتیندر شرما، ڈائریکٹر، پنڈت دین دیال اپادھیائے نیشنل انسٹی ٹیوت فار پرسنز وِتھ فیزیکل ڈس ایبلیٹی اور ڈاکٹر آلوک بھون، ڈائریکٹر منوویکاس چیریٹ ایبل سوسائٹی نے اپنے اپنے اداروں کی جانب سے سمجھوتے کو انجام دیا۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کی نمائندگی کرتے ہوئے مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔ مفاہمت نامے پر دستخط کے پروگرام میں سی پی آر ایس کی اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر زوبیا وقار کی قیادت میں پروفیسر محمد زاہد اشرف، ڈین فیکلٹی آف لائف سائنسیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر سورج کمار، سی پی آر ایس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اشتراک کو آسان بنانے میں نمایاں رول ادا کیا۔ اس اہم موقع پر سی پی آر ایس کے تمام فیکلٹی اراکین بھی موجود تھے۔

اس اشتراک کا مقصد فیزیوتھیراپی اور ریہیبلیٹیشن سائنس کے میدان میں ثبوت پر مبنی تحقیق، طبی تربیت اور عالمی ساجھیداری کی شمولیت کے ساتھ بین علومی فضیلت کو فروغ دینا ہے۔ ان مفاہمت ناموں سے بامعنی تعلیمی تبادلہ اور اشتراکی آموزش کے مواقع پیدا کرکے جامعہ کا یہ سینٹر نظریہ اور عمل کے مابین فاصلے کو کم کرنا چاہتا ہے اور اس کے مقصد میں یہ بھی شامل ہے کہ نیند، درد،، کارڈیو پلومری، آرتھوپیڈیکس، نیورولوجیکل، پیڈیٹرکس اور اتھلکس ریہبلی بلیٹیشن جیسے اہم شعبوں میں طلبہ اور فیکلٹی اراکین کو صلاحیت سازی کے اقدامات اور انھیں نئی نئی چیزوں سے متعارف کرا کے اعلی معیاری تحقیق اور طبی جدتوں کو فروغ دیا

جائے۔

ان مفاہمت ناموں کا مقصد طبی پوسٹنگ اور طلبہ کے لیے انٹرن، فیزیوتھیراپی کے میدان میں اشتراکی تحقیق کے اقدامات فیکلٹی تبادلے اور کوگائیڈینس مواقع، جوائنٹ ورکشاپ، سیمنار اور ٹریننگ پروگرام اور دونوں اداروں کے درمیان ساجھا تکنیکی اور ڈھانچہ جاتی امداد و تعاون پر توجہ مرکوز کرنا بھی ہے۔

یہ مفاہمت نامہ بین علومی آموزش کے فروغ کے تئیں عہد کو ظاہر کرتا ہے اور ملک بھر میں جامع طبی تعلیم اور خدمات کو مضبوط کرنے کے عہد کو بھی اجاگر کرتا ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی